حکومتِ کرناٹک

Govt. of Karnataka

ذخیرۂ سوالات

## REVISED QUESTION BANK (2024 – 25)

# Subject - URDU (08)

# ادب شناسی

برائے پری یونیورسٹی سالِ اول

# ADAB SHANASI

Urdu Text BOOK For **1ST Year PUC**

محکمۂ اسکولی تعلیمات (پری یونیورسٹی)، بنگلورو

**Department of School Education (Pre-University), Bengaluru**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# طلبا کے لیے ہدایات

یہ "ذخیرۂ سوالات" محکمۂ اسکولی تعلیمات (پری یونیورسٹی) بنگلورو کی جانب سے ترمیم شدہ سوالیہ پرچوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین کا مقصد یہ ہے کہ طلبا اپنے تعلیمی سفر میں خوش اسلوبی کے ساتھ آگے بڑھیں۔ لہٰذا طلبا سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اس "ذخیرۂ سوالات" کا استعمال کریں۔

- موضوع کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دیے گئے سوالات غور سے پڑھیں۔
- ان سوالات کو حل کرتے ہوئے خود سے نوٹس تیار کرنے کی کوشش کریں۔
- سوالات حل کرتے ہوئے ضرورت پڑنے پر اساتذہ سے رہنمائی حاصل کریں۔
- مکمل نوٹس تیار کر لینے کے بعد اپنے اساتذہ کو دکھا کر درست کروالیں۔
- بار بار سوال حل کرتے ہوئے مشق جاری رکھیں۔
- اس کی کوئی گیارنٹی نہیں دی جاسکتی کہ امتحانی پرچے میں تمام سوالات اسی ذخیرۂ سوالات سے پوچھے جائیں گے اس لیے نصابی کتاب اور مشقیہ کا مطالعہ ساتھ ساتھ جاری رکھیں۔

---

After each question () Represents:

| | |
|---|---|
| Remember | ( R ) |
| Understand | ( U ) |
| Apply | ( A ) |
| HOTs | ( H ) |

# QUESTION BANK COMMITTEE

1. **Mohamed Khamr ul Islam Farooqi** **Co-ordinator**
*Lecuturer in Urdu*
*Govt P U College, Malleshwaram, 18th Cross,*
*Bangalore*

2. **Irshad Ahmed M. Palegar** **Member**
*Principal*
*Islamiya Comp. P U College,,*
*Belgaum*

3. **Mohammed Aleemulla Sharief** **Member**
*Lecuturer in Urdu*
*D.R.M Govt P U College,*
*Harihar*

4. **Sadique Baig** **Member**
*Lecuturer in Urdu*
*Anjum Composite P.U College, B.S Nagar,*
*Davanagere*

5. **Mohammed Jaffar Ali** **Member**
*Lecuturer in Urdu*
*Vivekananda P U College.*
*Belur*

# فہرست


| حصہ نثر | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. حضور اکرمؐ بحیثیت معلمِ انسانیت | (سیرتِ نبویؐ) | محمد عبدالحمید اکبر | 6 |
| 2. عقل | (دکنی نثر) | ملّا وجہی | 9 |
| 3. دعا | (افسانہ) | سید محمد اشرف | 11 |
| 4. بحث و تکرار | (اخلاقیات) | سر سید احمد خان | 14 |
| 5. ہمارے خانساماں | (طنز و مزاح) | مشتاق احمد یوسفی | 16 |
| 6. ہفت افلاک سے آگے | (سائنس) | اظہار اثر | 19 |
| 7. قصہ بُلّٹ ٹرین کا | (سفر نامہ) | مجتبیٰ حسین | 21 |
| 8. ممتاز شیریں | (خاکہ) | نظیر صدیقی | 24 |
| 9. ہمزہ کا بیان | (قواعد) | گوپی چند نارنگ | 26 |
| 10. چھتری | (ڈرامہ) | غلام یزدانی | 28 |
| 11. مردہ گھر | (کنڑا کہانی) | چدورنگا | 30 |

حصۂ نظم

| | | |
|---|---|---|
| 1. حمد | امجد حسین حافظ کرناٹکی | 33 |
| 2. نعت | سلیمان خمار | 34 |
| 3. دنیا دار المکافات ہے | نظیر اکبر آبادی | 35 |
| 4. دولت اور وقت | الطاف حسین حالی | 36 |
| 5. ایک نوجوان کے نام | علامہ اقبال | 37 |
| 6. زندگی | علی سردار جعفری | 38 |
| 7. کرناٹک | ضمیر عاقل شاہی | 39 |
| 8. خواہش | اختر الایمان | 40 |
| 9. اکائی | شاذ تمکنت | 41 |
| 10. پیارا وطن ہمارا | سلیمان خطیب | 42 |
| 11. ایک دوست کے لیے | خلیل مامون | 43 |

## غزلیات


1. میر تقی میر 44
2. مرزا غالب 44
3. مومن خان مومن 45
4. شاد عظیم آبادی 45
5. حسرت موہانی 46
6. فیض احمد فیض 46
7. ناصر کاظمی 47
8. مجروح سلطان پوری 47
9. محمود ایاز 48
10. حمید الماس 48
11. پروین شاکر 49


## رباعیات


1. اکبر الہ آبادی 50
2. امجد حیدر آبادی 50
3. عطا کلیانوی 51


## مشقیہ


1. مترادفات 52
2. ”الف“ اور ”ب“ کو جوڑ کر اضداد بنایئے 54
3. جملہ سازی 55
4. جنس پہچانیے 56
5. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنایئے 57
6. ان کے مفعول لکھیے۔ 58
7. ان کی تعریف بیان کیجیے۔ 59
8. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 60

# حضور اکرمؐ بحیثیت معلم انسانیت

پروفیسر عبدالحمید اکبر

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. حضرت عبدالمطلب نے کس بات کی پیشین گوئی کی تھی؟ (R)

A. حضور اکرمؐ بہادر ہوں گے B. حضور اکرمؐ سچے ہوں گے

C. حضور اکرمؐ نسلِ انسانیت کے رہبر ہوں گے D. حضور اکرمؐ کامیاب تاجر ہوں گے

2. حضور اکرمؐ کو قوم نے کون سے القاب سے نوازا؟ (R)

A. صادق اور امین B. بہادر اور سخی

C. عالم اور محسن D. مصلح اور رہنما

3. حضور اکرمؐ کی زندگی کی کون سی خوبی ایک مثالی معلم کی شناخت ہے؟ (H)

A. )دیانت داری B. طاقتور ہونا

C. مال ودولت کا زیادہ ہونا D. سادگی اور شفقت

4. حضرت انسؓ کے واقعے سے حضور اکرمؐ کا کون سا تعلیمی اصول سامنے آتا ہے؟ (H)

A. نظم وضبط B. شفقت اور معاف کرنا

C. سختی اور نرمی کا توازن D. فوری سزا دینا

5. حضور اکرمؐ کی سادگی اور خدمت خلق کے کون سے واقعے سے ہمیں عملی تعلیم کا سبق ملتا ہے؟ (H)

A. جنگ بدر کا واقعہ B. غزوہ خندق کا واقعہ

C. بکری کا دودھ دوہنے کا واقعہ D. خطبہ دینے کا واقعہ

## One Mark Questions

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. حضورِ اکرمؐ کے دادا عبد المطلب کی پیشن گوئی کیا تھی؟ (R)
2. حضورؐ کا طریقۂ تعلیم و تربیت کن امور پر مشتمل ہے؟ (R)
3. حضورِ اکرمؐ نے کمسن بچے کو پیار کرتے ہوئے کیا فرمایا؟ (R)
4. حضورِ اکرمؐ جب کوئی معلومات فراہم کرنا چاہتے تو کونسا انداز بیان اختیار کرتے؟ (R)
5. حضورؐ کی بعثت کا اولین مقصد کیا ہے؟ (R)
6. ڈاکٹر مائیکل ایچ ہارٹ نے اپنی کتاب میں آپؐ کے بارے میں کیا لکھا ہے؟ (R)

## Two Mark Questions

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. قوم نے آپؐ کو 'امین' اور 'صادق' کا لقب کب دیا؟ (U)
2. حضورؐ بچوں سے کس طرح پیش آتے تھے؟ (U)
3. حضورِ اکرمؐ نے ہم آہنگی اور بھائی چارگی کی تعلیم دیتے ہوئے کیا فرمایا؟ (U)
4. حضورِ اکرمؐ عیادت کے لیے جاتے تو کس بات کی ترغیب دیتے؟ (U)
5. حضورِ اکرمؐ نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی حقیقت کو کس طرح واضح فرمایا؟ (U)

## Four Mark Questions

ان سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔

1. حضورِ اکرمؐ کی زندگی سادگی کا بہترین نمونہ ہے۔ وضاحت کیجیے؟ (U)
2. خادموں کے ساتھ حضورِ اکرمؐ کے حسن سلوک کا واقعہ بیان کیجیے؟ (U)
3. حضورِ اکرمؐ نے حضرت ابوذر غفاریؓ کی کس بات پر ناگواری کا اظہار کیا اور کیا نصیحت فرمائی؟ (U)
4. حضورِ اکرمؐ کی قوت برداشت اور صلہ رحمی سے متعلق کوئی واقعہ لکھیے؟ (U)
5. حضرت محمدؐ کی صداقت اور امانت کی خصوصیات کو معاشرتی اصلاح کے تناظر میں کیسے دیکھا جا سکتا ہے؟ (H)

6. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادموں کے ساتھ حسن سلوک کی مثالیں موجودہ دور کے معاشرتی تعلقات میں کیسے لاگو کی جاسکتی ہیں؟ (H)

7. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سادہ زندگی کو موجودہ دور کے معیارِ زندگی کے ساتھ کیسے جوڑا جاسکتا ہے؟ (H)

8. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلیمی طریقہ کار کیسے جدید تعلیم وتربیت کے نظام میں بہتری کا باعث بن سکتا ہے؟ (H)

9. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معاشرتی اصلاحات کو آج کے مسائل جیسے عدم برداشت اور تعصب کے حل کے طور پر کیسے دیکھا جاسکتا ہے؟ (H)

# عقل

ملّا وجہی

One Mark Questions

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

1. عقل کے بغیر آدمی کو کیا نہیں ملتا؟ (R)

A. دولت
B. علم
C. عزت
D. رحمت

2. عقل کے متعلق ملّا وجہی کیا فرماتے ہیں؟ (R)

A. عقل انسان کو دنیا میں کامیاب کرتی ہے
B. عقل کے بغیر دل میں محبت نہیں ہوتی
C. عقل کے بغیر دل کو نور نہیں
D. عقل اور عشق کا کوئی تعلق نہیں

3. عقل اور دل کے درمیان تعلق کیا ہے اور ملّا وجہی نے کس بات پر زور دیا ہے؟ (H)

A. عقل دل کو بوجھل بناتی ہے
B. عقل دل کی زندگی ہے
C. دل کو جلانے سے عقل پیدا ہوتی ہے
D. عقل کے بغیر عشق ممکن نہیں

4. ملّا وجہی کے مطابق، عقل اور تمیز کا کیا رشتہ ہے؟ (H)

A. عقل انسان کو تمیز سے محروم کرتی ہے
B. عقل انسان کو اچھائی اور برائی میں تمیز کرنا سکھاتی ہے
C. تمیز انسان کو عقل مند بناتی ہے
D. تمیز کے بغیر عقل بے کار ہے

5. ملّا وجہی نے عقل کو انسانی عظمت کے ساتھ کیسے جوڑا ہے؟ (H)

A. عقل صرف دنیاوی کاموں کے لیے ضروری ہے
B. عقل انسان کو خدا کی طرف لے جاتی ہے
C. عقل سے دولت حاصل ہوتی ہے
D. عقل انسان کو کمزور بناتی ہے

One Mark Questions — ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. دین و دنیا کا کام کس سے چلتا ہے؟ (R)
2. روشن طبیعت والا کیسا ہوتا ہے؟ (R)
3. زندہ دل کون ہوتا ہے؟ (R)
4. عالم کا دارومدار کس پر ہے؟ (R)
5. عقل سے کسے نور ملتا ہے؟ (R)

Two Mark Questions — ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. کاکلوت سے مراد کیا ہے؟ اگر یہ عقل میں سماجائے تو کیا ہوتا ہے؟ (U)
2. رحمت کس پر ہوتی ہے؟ (U)
3. عقل کو باز قرار دے کر شعر میں مزید کیا کہا گیا ہے؟ (U)
4. عقل سے کیا کارنامے انجام پاتے ہیں؟ (U)

# دعا

## سید محمد اشرف

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. سید محمد اشرف کا لکھا ہوا افسانہ (R)

A. مردہ گھر B. ممتاز شیرین

C. دعا D. چھتری

2. میم صاحب نے کس نماز کے بعد وظیفہ ختم کرنے کا حکم دیا؟ (R)

A. تہجد کی B. ظہر کی

C. مغرب کی D. عشاء کی

3. سلیم کے ہاتھ کاٹ لینے کے بعد بچوں کا ردعمل کیا تھا؟ (H)

A. وہ فوراً مدد کے لیے بھاگے B. وہ خوف زدہ ہو گئے

C. انہوں نے پہلے ٹھٹھے لگائے، پھر ماما سے شکایت کی D. انہوں نے کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا

4. سلیم کی زندگی کے حالات کس طرح سے اس کی شخصیت کو ظاہر کرتے ہیں؟ (H)

A. وہ سخت محنتی ہے لیکن زندگی کی مشکلات سے شکست خوردہ B. وہ ہمیشہ خوش رہنے والا لڑکا ہے

C. وہ اپنے مالکان سے ناراض رہتا ہے D. وہ پیسے کمانے میں ناکام رہا ہے

5. سلیم کی دعا میں اس کی اندرونی کشمکش کی یہ جھلک پائی جاتی ہے۔ (H)

A. امید کا پہلو ہے B. بے بسی کی عکاسی ہے

C. انسانی عظمت کی عکاسی ہے D. معاشرتی برابری کا پہلو ہے

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ One Mark Questions

1. روٹی کو توے پر ڈال کر سلیم نے کھڑکی کے باہر کیا دیکھا؟ (R)
2. میم صاحب نے سلیم سے بچوں کو کیا سکھانے کے لیے کہا؟ (R)
3. اسکول سے واپسی کے بعد بچوں نے کس بات کی ضد کی؟ (R)
4. ٹیلی ویژن پر کونسی سلائیڈ دکھائی جارہی تھی؟ (R)
5. نماز و دعا کے بعد سلیم دل ہی دل میں کونسے الفاظ دہرا رہا تھا؟ (R)
6. صاحب کے دریافت کرنے پر کہ تم نے کیا دعا مانگی، سلیم نے کیا جواب دیا؟ (R)

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. فروٹ کاٹتے ہوئے ہاتھ کے زخمی ہونے پر میم صاحب نے سلیم کو کیا ہدایت دی؟ (U)
2. صاحب نے سنگل اور ڈبل 'یس' والے سلام میں کیا فرق بتایا؟ (U)
3. سلیم نے خط کے آخر میں سلام و دعا کے کونسے جملے لکھوائے؟ (U)
4. سلیم نے بچوں کو اپنے دادا کی بتائی ہوئی باتیں کیوں سنائی تھیں؟ (U)
5. میم صاحب نے صاحب کو کھڑکی کھولنے سے کیوں منع کیا؟ (U)

ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ Four Mark Questions

1. سلیم نے خط میں یاسمین اور منّو کے تعلق سے کیا لکھوانا چاہا اور میم صاحب نے کیا لکھا؟ (U)
2. سلیم نے طوفان، بارش اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں؟ (U)
3. صاحب نے موم بتی جلا کر کہاں رکھ دی اور کیا دیکھا؟ (U)
4. افسانے میں دعا کا فلسفہ اور سلیم کی امیدوں کے درمیان جو تعلق ہے، اسے آپ کس طرح بیان کریں گے؟ کیا یہ تعلق حقیقت پسندی یا خوابوں سے جڑا ہوا ہے؟ (H)
5. افسانے میں دعا کے موضوع کے ذریعے مصنف نے کس طرح انسانی جذبات اور سماجی حقیقتوں کے درمیان کشمکش کو اجاگر کیا ہے؟ آپ اس کشمکش کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ (H)

6. افسانے میں دعا اور حالات کے درمیان تضاد سماج کے کونسے پہلوؤں پر تنقید کرتا ہے؟ آپ اس تنقید کو عصر حاضر کے معاشرتی مسائل کے تناظر میں کیسے دیکھتے ہیں؟ (H)

7. سلیم کی زندگی کی مشکلات اور اس کی دعا کی اہمیت کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ دعا اس کی مایوسی کا علاج کر پاتی ہے؟ اپنی دلیل پیش کریں۔ (H)

8. دعا کی افسانوی تکنیک کا تجزیہ کریں۔ مصنف نے دعا کے تصور کو ایک افسانوی کردار کی داخلی دنیا کو سمجھانے کے لیے کس طرح استعمال کیا ہے؟ آپ اس طریقے کو کس حد تک مؤثر سمجھتے ہیں؟ (H)

متن کے حوالے سے ان جملوں کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. ”بارش آنے والی ہے۔ کپڑے اٹھاؤ“ (R)

2. ”جیسا سلام ہو، محبت بھرا ہو تو ڈبل ’ایس‘ ورنہ سنگل ’ایس‘ سے کام چل جائے گا“ (R)

3. ”دادا نے منع کیا تھا، دعا کسی کو نہیں بتاتے“ (R)

# بحث و تکرار

سر سید احمد خان

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. سر سید احمد خان کے مطابق، کتّوں کی ملاقات کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟ (R)

A. آپس میں دانت نکالنے سے B. ایک دوسرے کو بری نظر سے دیکھنے سے

C. ایک دوسرے کو بھنبھوڑنے سے D. ہاتھ ملانے سے

2. انسانوں کی مجلس میں بحث و تکرار کے دوران کون سی کیفیت پیدا ہوتی ہے؟ (R)

A. باچھیں چِر جاتی ہیں B. آنکھیں بند ہو جاتی ہیں

C. ہاتھ ملائے جاتے ہیں D. گردن ہلانے لگتے ہیں

3. آپ کے خیال میں سر سید احمد خان نے کتّوں کی ملاقات اور انسانوں کی بحث کا موازنہ کیوں کیا؟ (H)

A. دونوں کی مشابہت دکھانے کے لیے B. انسانوں کو تہذیب سکھانے کے لیے

C. انسانوں کی کمزوریاں ظاہر کرنے کے لیے D. کتّوں کے رویوں کا مطالعہ کرنے کے لیے

4. سر سید احمد خان کے مطابق بحث کے دوران کس عنصر کی سب سے زیادہ ضرورت ہے؟ (H)

A. سختی B. دوستانہ انداز

C. غصہ D. جلدی جواب دینا

5. سر سید احمد خان کے اس بیان کو آپ کس حد تک آج کے معاشرتی مباحثوں کے تناظر میں درست سمجھتے ہیں کہ بحث میں شائستگی اور محبت کو برقرار رکھنا ضروری ہے؟ (H)

A. بالکل درست B. جزوی طور پر درست

C. بالکل غلط D. غیر متعلقہ

One Mark Questions — ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. جب کتّے آپس میں مل بیٹھتے ہیں تو پہلے کیا کرتے ہیں؟ (R)
2. تہذیب میں ترقی سے کیا ہوتا ہے؟ (R)
3. اختلافِ رائے کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے؟ (R)
4. مباحثہ اور تکرار میں کس کو ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہیے؟ (R)
5. تردیدی گفتگو میں ہمیشہ کونسا لفظ استعمال کرنا بہتر ہے؟ (R)
6. جھگڑے کو کس طرح کی باتیں کہہ کر ختم کرنا چاہیے؟ (R)

Two Mark Questions — ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. انسان کو کتّوں کی طرح بحث و تکرار کرنے سے پرہیز کیوں کرنا چاہیے؟ (U)
2. جھگڑا زیادہ دنوں تک رہنے سے کیا ہوتا ہے؟ (U)
3. تردیدی گفتگو کیسے کی جانی چاہیے؟ (U)

Two Mark Questions — متن کے حوالے سے ان جملوں کی تشریح کیجیے۔

1. ”واہ یوں نہیں یوں ہے۔ وہ کہتا ہے واہ تم کیا جانو۔“ (R)
2. ”مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہے۔“ (R)
3. ”گویا بات تو عجیب ہے مگر آپ کے فرمانے سے باور کرتا ہوں۔“ (R)

# ہمارے خانساماں

مشتاق احمد یوسفی

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. مصنف نے خانساماں کے آنے اور جانے کو کس دن کے ساتھ تشبیہ دی ہے؟ (R)

A. خوشی کے دن
B. مبارک دن
C. عام دن
D. مشکل دن

2. مرزا عبدالودود بیگ کے مطابق خانساماں کیوں ناپید ہو رہے ہیں؟ (R)

A. پلاؤ کھانے والا طبقہ غائب ہو رہا ہے
B. خانساماں غائب ہو رہے ہیں
C. باورچی خانہ بند ہو رہا ہے
D. کھانا پکانے کا فن ناپید ہو رہا ہے

3. مصنف نے خانساماں کے انتخاب میں مرزا عبدالودود بیگ کے کردار کو کیسے پیش کیا ہے؟ (H)

A. وہ خانساماں کو بہت اچھا جانتے ہیں
B. وہ خانساماں سے برتن مانجھواتے ہیں
C. وہ خانساماں کے ساتھ دوستانہ رویہ رکھتے ہیں
D. وہ خانساماں کو منہ زور بنا دیتے ہیں

4. خانساماں کی تنخواہ اور سودا لانے کی شرط میں کیا تضاد نظر آتا ہے؟ (H)

A. زیادہ تنخواہ لینے پر خوش ہوتا ہے
B. کم تنخواہ میں بھی خوشی ظاہر کرتا ہے
C. سودا لانے کی صورت میں تنخواہ کم ہو جاتی ہے
D. سودا لانے کی صورت میں تنخواہ بڑھ جاتی ہے

5. مصنف کا یہ کہنا کہ "دوزخ میں گنہگار عورتوں کو ان کے اپنے پکائے ہوئے سالن زبردستی کھلائے جائیں گے"، کس طنزیہ رویے کی نشاندہی کرتا ہے؟ (H)

A. عورتوں کے پکانے کے ہنر پر طنز
B. عورتوں کی نافرمانی پر طنز
C. سالن کے معیار پر طنز
D. دوزخ کی سختیوں پر طنز

## One Mark Questions
ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. مضمون نگار کے لیے مبارک دن کونسا ہوتا ہے ؟ (R)
2. بدذائقہ کھانا پکانے کا ہنر کس کو آتا ہے ؟ (R)
3. نئے خانساماں نے پچھلی دس ملازمتیں چھوڑنے کی وجہ کیا بتائی ؟ (R)
4. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے کیا کرتے ہیں ؟ (R)
5. مضمون نگار کے مطابق دوزخ میں گنہگار عورتوں کو کونسی سزا دی جائے گی ؟ (R)
6. ریفریجریٹر خریدنے کے بعد مضمون نگار کی زندگی میں کیا فرق آیا؟ (R)

## Two Mark Questions
ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے نکاحِ ثانی کیوں کر لیتے ہیں ؟ (U)
2. مرزا نے اپنے دیرینہ باورچی کو منہ زور اور بد تمیز کیوں بنایا؟ (U)
3. مڈل فیل خانساماں نے باتوں باتوں میں مضمون نگار سے کونسا عندیہ معلوم کرنے کوشش کی ؟ (U)
4. قوی ہیکل خانساماں کا کھانا پکانے اور کھلانے کا انداز کیسا تھا؟ (U)
5. قوی ہیکل خانساماں نے ملازمت چھوڑنے کی وجہ کیا بتائی ؟ (U)

## Four Mark Questions
ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔

1. مڈل فیل خانساماں نے ملازمت سے قبل مضمون نگار سے کیا کیا باتیں دریافت کیں ؟ (U)
2. مضمون نگار نے نئے خانساماں کے پکائے ہوئے قورمے کا ذکر کس طرح کیا ہے ؟ (U)
3. خانساماؤں کے کہنے پر مضمون نگار نے کون کونسی قسم کے چولھے بنوائے ؟ (U)
4. خانساماؤں سے متعلق گوناگوں مشکلات کا ذکر سن کر مرزا نے کیا کہا؟ (U)
5. مصنف نے خانساماں کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی کرتے ہوئے کیا پیغام دیا ہے ؟ (H)
6. یوسفی نے خانساماؤں کے ساتھ اپنی تجربات کا ذکر کرتے ہوئے کیا سبق سیکھا ہے ؟ (H)
7. یوسفی نے خانساماؤں کی بدذائقہ کھانا پکانے کی مہارت کو کس طرح بیان کیا ہے ؟ (H)

8. آپ کے خیال میں، یوسفی کی کہانی میں خانساماں کی شخصیت اور کردار کی تصویر کشی کا کیا مقصد ہے؟ (H)

9. "ہمارے خانساماں" میں یوسفی نے معاشرتی تبدیلیوں کی عکاسی کس طرح کی ہے؟ (H)

**Two Mark Questions**

متن کے حوالے سے ان جملوں کی تشریح کیجیے۔

1. "ہاتھ بیچا ہے، زبان نہیں بیچی۔" (R)

2. "صاحب! آج کل وفادار مالک کہاں ملتے ہیں۔" (R)

3. "یہ الجھنیں آپ نے اپنے چٹورپن سے خواہ مخواہ پیدا کر رکھی ہیں۔" (R)

# ہفت افلاک سے آگے

اظہار اثر

One Mark Questions

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

1. "ہفت افلاک سے آگے" کا مصنف کون ہے؟ (R)

A. مشتاق احمد یوسفی
B. علامہ اقبال
C. احمد فراز
D. اظہارِاثر

2. "ہفت افلاک سے آگے" کی کہانی کا بنیادی موضوع کیا ہے؟ (R)

A. عشق و محبت
B. علم و دانش
C. خلائی سیاحت
D. معاشرتی مسائل

3. کلپنا چاولہ کے کولمبیا حادثے کے بعد خلا میں سفر کے حوالے سے کیا تبدیلیاں آئیں؟ (H)

A. صرف تربیت یافتہ خلابازوں کو بھیجا جانے لگا
B. )خلائی سفر کی فیس میں اضافہ ہوا
C. خلائی جہازوں کی حفاظت میں بہتری آئی
D. کسی بھی انسان کو خلا میں بھیجنے کی ممانعت ہوئی

4. اگر آپ خلا میں ایک سیاح بننا چاہتے ہیں تو آپ کو کن چیزوں کا خیال رکھنا ہوگا؟ (H)

A. صرف پیسہ
B. صحت کی حالت اور جسمانی تربیت
C. زمین پر کام کا تجربہ
D. صرف معلومات

5. رچرڈ برانسن نے اپنے خلائی جہاز کی تیاری کے لیے کیوں سرمایہ کاری کی؟ (H)

A. انہیں نئے تجربات کرنے کا شوق تھا
B. وہ خلا کی سیاحت کا آغاز کرنا چاہتے تھے
C. انہوں نے فضائی ہتھیاروں کی صنعت میں سرمایہ لگایا
D. وہ صرف تحقیق کرنا چاہتے تھے

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ One Mark Questions

1. سوویت یونین نے پہلا مصنوعی سیارہ کب اور کہاں بھیجا؟ (R)
2. 2003 میں امریکہ کے خلائی جہاز کولمبیا کے حادثے کا ہم ہندوستانیوں کو زیادہ دکھ کیوں ہوا؟ (R)
3. پرائیویٹ خلائی جہاز بنانے کی پہل کس نے کی؟ (R)
4. لیونارڈو کون تھا؟ (R)
5. بیسویں صدی کی ابتدا میں کس نے پہلے ہوائی جہاز تیار کیا؟ (R)
6. تین، چار سو سال پہلے کا انسان کس بات کا تصور نہیں کر سکتا تھا؟ (R)

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. پرائیویٹ خلائی جہاز بنا کر خلائی سیاحت کی ابتدا کس نے اور کس طرح کی؟ (U)
2. مریخ پر خلاباز بھیجنے کے لیے سائنس دان کس طرح کی تیاری کر رہے ہیں؟ (U)
3. چاند کے آس پاس سے دنیا اور آسمان کیسا نظر آتا ہے؟ (U)
4. ڈینس ٹیٹو کون تھا اور اسے خلائی سفر کے لیے کتنے ڈالر خرچ کرنے پڑے تھے؟ (U)
5. خلائی تحقیق اگر اسی طرح ترقی کرتی رہے گی تو مستقبل میں کیا ممکن ہے؟ (U)

ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ Four Mark Questions

1. آنے والے زمانے میں خلائی سیاحت کی پروازیں کتنی قسم کی ہوں گی؟ (U)
2. زیریں مدار کی اڑانوں کے مسافروں کو سفر کے دوران کن باتوں کا خیال رکھنا ہوگا؟ (U)
3. مہینوں خلائی اسٹیشنوں پر گزار چکے یا چاند پر جا چکے خلابازوں کی ذہنی کیفیت میں تبدیلی کا ذکر مضمون نگار نے کس طرح کیا ہے؟ (U)
4. خلائی جہاز اور خلائی سفر کے تصور کو ابتدا میں کن کن لوگوں نے پیش کیا تھا؟ مفصل لکھیے۔ (U)
5. خلا کی سیاحت کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے کیا ممکنہ اثرات ہو سکتے ہیں؟ (H)
6. خلائی سفر کے دوران انسانی جسم پر پڑنے والے اثرات کیا ہیں، اور ان سے کیسے نمٹا جا سکتا ہے؟ (H)
7. کلپنا چاولہ کے حادثے نے خلا کی تحقیق اور انسانی سفر کے حوالے سے کیا سبق سکھایا ہے؟ (H)
8. کیا آپ کے خیال میں مستقبل میں انسان دوسرے سیاروں پر آباد ہونے میں کامیاب ہو سکے گا؟ وجوہات بیان کریں۔ (H)
9. خلائی سفر سے اخلاقی اور سماجی پہلوؤں پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ (H)

# قصّہ بلٹ ٹرین کا

مجتبیٰ حسین

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. مصنف نے جاپانی ٹرینوں کی سب سے بڑی خوبی کیا بتائی؟ (R)

A. سست رفتاری B. وقت کی پابندی

C. آرام دہ نشستیں D. بڑے دروازے

2. کیوٹو جانے کے سفر کے دوران کون سا منظر مصنف نے خاص طور پر بیان کیا؟ (R)

A. شہر کی گلیاں B. سمندر کے کنارے

C. فیوجی پہاڑ D. جنگلات

3. مصنف نے جاپانی ٹرینوں میں سفر کے دوران کیا کمی محسوس کی؟ (H)

A. بات چیت کی کمی B. وقت کی کمی

C. کھانے کی کمی D. جگہ کی کمی

4. مصنف نے ہندوستانی اور جاپانی ٹرینوں کے تجربات میں کس چیز کو نمایاں کیا؟ (H)

A. دونوں کی خوبصورتی B. سفر کی آسانیاں

C. ٹکٹ کی قیمتیں D. سفر کے آداب

5. جاپانی ٹرینوں کے بارے میں مصنف کا کیا خیال ہے؟ (H)

A. بہت آرام دہ ہیں B. زیادہ دیر تک رکی رہتی ہیں

C. سفر کے دوران مسافروں کا خیال رکھتی ہیں D. وہ زیادہ لمبی ہیں

## One Mark Questions

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. ٹوکیو میں مجتبیٰ حسین کی آوارہ گردی کا واحد ذریعہ کیا تھا؟ (R)
2. جاپانی ٹرینیں اسٹیشنوں پر کتنی دیر رکتی ہیں؟ (R)
3. مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کے مسافروں کو بد اخلاق کیوں کہا ہے؟ (R)
4. بُلٹ ٹرین ایک گھنٹے میں کتنے کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے؟ (R)
5. انسان جب از سرِ نو جینے کا اہتمام کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ (R)
6. مجتبیٰ حسین کے ہم سفر نے سگامو اسٹیشن کی پہچان کیا بتائی؟ (R)

## Two Mark Questions

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟ (U)
2. ہندوستان میں چھ سو کلومیٹر کا سفر کرنے کے لیے کن کن چیزوں کو ساتھ رکھنا پڑتا ہے؟ (U)
3. جاپانی، ٹرین کا سفر کس طرح کرتے ہیں؟ (U)
4. جاپان کے ریلوے اسٹیشنوں پر مجتبیٰ حسین کو کونسی مانوس آوازیں سنائی نہیں دیں؟ (U)
5. تاجما کی کس بات پر مجتبیٰ حسین کا سر فخر سے اونچا ہو گیا؟ (U)

## Four Mark Questions

ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔

1. مجتبیٰ حسین کے مطابق جاپان کی ریل گاڑیاں ہماری ریل گاڑیوں کا مقابلہ کیوں نہیں کر سکتیں؟ (U)
2. مجتبیٰ حسین نے بُلٹ ٹرین کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟ (U)
3. مجتبیٰ حسین نے ٹوکیو سے کیوٹو کے سفر کے دوران کون کونسے مناظر دیکھے؟ (U)
4. مجتبیٰ حسین نے اپنے دوست تاجما سے ہندوستان کی ٹرینوں کی کن سہولتوں کا ذکر کیا ہے؟ (U)
5. جاپانی ٹرینوں کی خوبیاں اور خامیاں کیا ہیں؟ (H)
6. جاپانی ٹرینوں اور ہندوستانی ٹرینوں کے سفر کے تجربات میں کیا فرق ہے؟ (H)
7. مصنف نے جاپانی لوگوں کی عادات کے بارے میں کیا تاثر پیش کیا؟ (H)

8. ”قصہ بلٹ ٹرین کا“ مضمون پڑھتے ہوئے کیا خاص باتیں آپ نے محسوس کیں؟ (H)

9. "بلٹ ٹرین" کے سفر کے دوران مجتبیٰ حسین کو جاپان کی قدرتی خوبصورتی کا کس طرح احساس ہوا؟ وضاحت کریں۔ (H)

**ان جملوں کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔** **Two Mark Questions**

1. ”اس میں اتنی جگہ ہی کہاں ہوتی ہے کہ آپ اپنا بستر لگا سکیں“۔ (R)

2. ”حضرت! وہ جو بُلٹ ٹرین 8 / بج کر 41 / منٹ پر چلنے والی تھی، وہ کہاں ہے“۔ (R)

3. ”یوں بھی جاپان اور ہندوستان کا کیا مقابلہ۔ ہمارا ملک چھوٹا ہے اور آپ کا ملک عظیم“۔ (R)

# ممتاز شیریں

## نظیر صدیقی

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. "ممتاز شیرین" کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟ (R)

A. افسانہ B. خاکہ

C. ڈراما D. سفر نامہ

2. ممتاز شیریں نے کس یونیورسٹی سے انگریزی ادب کا کورس کیا؟ (R)

A. ہارورڈ B. کیمبرج

C. لندن D. آکسفورڈ

3. ممتاز شیریں نے اپنے شوہر کی کن خصوصیات کو اپنا رہنما سمجھا؟ (H)

A. دولت اور حیثیت B. مذہبی عقائد

C. علمی بصیرت اور نقادانہ سوچ D. سیاسی وابستگی

4. ممتاز شیریں کی وفات کے بعد ان کی تحریروں کی اہمیت۔ (H)

A. بالکل ختم ہوگئی B. صرف ادبی تنقید تک محدود ہوگئی

C. ادب میں ان کی شناخت برقرار ہے D. صرف اپنی ذات تک محدود ہوگئی ہے

5. ممتاز شیریں کی شخصیت کے دو پہلو یہ تھے۔ (H)

A. علمی اور مغرور B. منکسر المزاج اور ادبی

C. خود پسند اور سادگی D. خوش مزاج اور تند مزاج

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ One Mark Questions

1. سنیچر کی شام، ممتاز شیریں نے اپنے شوہر صمد شاہین سے کیا پوچھا؟ (R)
2. ممتاز شیریں کا انتقال کب ہوا؟ (R)
3. ذاتی زندگی میں ممتاز شیریں کس طرح کی عورت تھیں؟ (R)
4. ممتاز شیریں اور صمد شاہین نے کونسا اردو رسالہ جاری کیا تھا؟ (R)
5. ممتاز شیریں کے مذہبی شعور کی جھلکیاں ان کے کس افسانے میں ملتی ہیں؟ (R)
6. ممتاز شیریں کا پڑھا ہوا آخری ناول کونسا تھا؟ (R)

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. ممتاز شیریں مزاجاً کس طرح کی خاتون تھیں؟ (U)
2. ممتاز شیریں کی صمد شاہین سے شادی ہونے میں کس بات کو بڑا دخل تھا؟ (U)
3. مذہب سے وابستگی کے معاملے میں ممتاز شیریں کا رویہ کیسا تھا؟ (U)
4. جاسوسی ناولوں کے تعلق سے خاکہ نگار کا کیا خیال ہے؟ (U)
5. خاکہ نگار کے مطابق ممتاز شیریں کی جگہ افسانہ نگاری اور تنقیدی بصیرت کے اعتبار سے کن ادیبوں کی صف میں محفوظ رہے گی؟ (U)

ان جملوں کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. ”میں کہاں ہوں۔ یہ کمرہ بہت تنگ معلوم ہو رہا ہے“۔ (R)
2. ”ابھی اتنی سردی نہیں ہے، یہ چیز توجہ کا مرکز ہو جائے گی“۔ (R)
3. ”آپ کو جاسوسی ناولوں سے بھی دلچسپی ہے“۔ (R)

# ہمزہ کا بیان

## گوپی چند نارنگ

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. اردو میں "ابتداء" کو کیسے لکھا جانا چاہیے؟ (R)

A. ابتدا B. ابتدأ

C. ابتدہ D. ابتداہ

2. اردو میں "ہمزہ" کا استعمال کہاں ضروری ہوتا ہے؟ (R)

A. صرف عربی الفاظ میں B. دیسی الفاظ میں

C. جہاں دو مصوتے ساتھ آئیں D. فعل کے شروع میں

3. چاہیے" میں ہمزہ کیوں نہیں لکھا جاتا؟ (H)

A. کیونکہ یہ اردو کا لفظ ہے B. کیونکہ حرف ما قبل مکسور ہے

C. کیونکہ یہ مصدر ہے D. کیونکہ اس میں زبر ہے

4. نمائش" کے لفظ کو اردو میں کس طرح لکھنا چاہیے؟ (H)

A. ی کے ساتھ B. بغیر ہمزہ

C. زبر کے ساتھ D. ہمزہ کے ساتھ

5. "فرمائیے" میں ہمزہ کیوں آتا ہے؟ (H)

A. دو مصوتے اپنی اپنی آواز دیتے ہیں B. یہ مصدر ہے

C. عربی لفظ ہے D. اس میں الف ہے

One Mark Questions — ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔

1. مصوتہ کسے کہتے ہیں؟ (R)
2. شعراء، ادباء اور علماء جیسے الفاظ کے آخر میں ہمزہ کا استعمال کس حد تک صحیح ہے؟ (R)
3. حاصل مصدر سے مراد کیا ہے؟ (R)
4. مکسور کسے کہتے ہیں؟ (R)
5. ہمزہ اضافت کسے کہتے ہیں؟ (R)

Two Mark Questions — ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. ڈاکٹر عبد الستار صدیقی کی ہمزہ سے متعلق کونسی تجویز رائج نہیں ہو سکی؟ (U)
2. وہ کونسے مفرد الفاظ ہیں، جن کے آخر میں اصلاً ہمزہ ہے اور اب انھیں بغیر ہمزہ کے لکھنا چاہیے۔ (U)
3. پروفیسر گوپی چند نارنگ نے جرأت، تاثر اور متاثر جیسے الفاظ کے لیے کیا سفارش پیش کی ہے؟ (U)
4. فعل کی تعظیمی صورتوں کی چند مثالیں تحریر کیجیے۔ (U)
5. عطف کے واؤ پر کیا نہیں لکھا جاتا، مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ (U)

# چھتری

غلام یزدانی

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. ڈراما 'چھتری' میں پہلے آدمی نے کس مشہور شخصیت کا ذکر کیا؟ (R)

A. گاندھی B. نیلسن منڈیلا

C. لارڈ چمبرلین D. اقبال

2. ڈرامے میں پہلا آدمی کس چیز کا ذکر بار بار کرتا ہے؟ (R)

A. چھتری کے فوائد B. بارش کی شدت

C. موٹر گاڑیوں کی رفتار D. شہر کی سڑکوں کی حالت

3. پہلا آدمی چھتری کو ہمیشہ ساتھ رکھنے کی دلیل کیا دیتا ہے؟ (H)

A. بارش سے بچنے کے لیے B. خود کو اہم ظاہر کرنے کے لیے

C. ہر موسم میں حفاظت کے لیے D. لوگوں سے بچنے کے لیے

4. پہلا آدمی یہ کیوں کہتا ہے کہ چھتری صرف بارش سے بچانے کے لئے نہیں ہے؟ (H)

A. کیونکہ یہ گرمی سے بھی بچاتی ہے B. کیونکہ یہ اولے سے بھی بچاتی ہے

C. کیونکہ یہ ہوا سے بھی بچاتی ہے D. کیونکہ یہ مٹی سے بھی بچاتی ہے

5. دوسرا آدمی پہلے آدمی کی باتوں پر کس ردِ عمل کا اظہار کرتا ہے؟ (H)

A. پریشانی B. غصہ

C. تعریف D. بے خیالی

ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ One Mark Questions

1. پہلا شخص، دوسرے شخص کو اپنی چھتری میں آنے کے لیے کیوں کہتا ہے ؟ (R)
2. دوسرا شخص جب گھر سے نکلا تھا تو موسم کیسا تھا؟ (R)
3. چھتری کو ترچھا کر کے کن سے بچا جا سکتا ہے ؟ (R)
4. لارڈ چیمبرلین کس بات کے لیے مشہور تھا؟ (R)
5. چھتری سے متعلق کس بات پر پہلے آدمی نے افسوس کا اظہار کیا؟ (R)
6. چھتری خریدنے کا ارادہ ظاہر کرنے کے بعد پہلے شخص نے دوسرے سے کیا کہا؟ (R)

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. چھتری لیڈروں کے کام کس طرح آتی ہے ؟ (U)
2. سیلاب کے وقت چھتری کس کام آتی ہے ؟ (U)
3. ہاتھ میں شان سے چھتری لے کر چلنے سے شخصیت میں کیا کیفیت پیدا ہوتی ہے ؟ (U)
4. دیگر ممالک میں چھتری کے استعمال کے بارے میں من چلے آدمی نے کیا کہا؟ (U)
5. دکان دار نے چھتری کی تعریف کن الفاظ میں کی ؟ (U)

ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ Four Mark Questions

1. پہلے شخص نے چھتری کے کون کونسے فائدے بیان کیے ہیں، مفصل لکھیے۔ (U)
2. ڈرامے کے انجام کی روشنی میں اس کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے۔ (U)
3. ڈراما "چھتری" کے حوالے سے پہلے آدمی کی شخصیت کا تجزیہ کریں۔ وہ اپنے تجربات کے ذریعے کس طرح دوسروں کو متاثر کرنے کی کوشش کر رہا ہے ؟ (H)
4. پہلے آدمی کی باتوں میں چھتری کے علاوہ اور کون سی چیزیں اہمیت رکھتی ہیں ؟ آپ کے خیال میں مکالمے کا مقصد کیا ہے ؟ (H)
5. چھتری کے فوائد کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے ؟ وضاحت کریں۔ (H)
6. دوسرے آدمی نے چھتری کے بارے میں پہلے آدمی کی باتوں پر کیا رد عمل ظاہر کیا؟ آپ اس رد عمل کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (H)
7. چھتری کے بارے میں دیے گئے دلائل سے آپ کس حد تک متفق ہیں ؟ اپنی رائے دیں۔ (H)

# مُردہ گھر

سبرامنیار اجے ارس چدورنگا

ان سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ One Mark Questions

1. وارڈ بوائے مُنیا کا اصل مسئلہ کیا تھا؟ (R)

A. مریضوں کی تعداد میں اضافہ B. گھڑی کی ٹک ٹک

C. نیند کا غائب ہونا D. ڈاکٹر کی غیر موجودگی

2. گیارھویں بیڈ کے مریض کا نام کیا تھا؟ (R)

A. وینکٹ رامن B. مُنیا

C. نارائن D. ساہوکار

3. مُنیا نے مریض کو دودھ پلانے کی کوشش کیوں کی؟ (H)

A. اس کی مدد کرنے کے لیے B. اپنی نیند پوری کرنے کے لیے

C. ڈاکٹر کو بلانے کے لیے D. مریض کو خوش کرنے کے لیے

4. کہانی "مُردہ گھر" میں وارڈ بوائے منیا کی نفسیاتی کیفیت پر بحث کریں جب وہ گیارھویں بیڈ کے مریض کو مردہ سمجھتا ہے۔ منیا کی جذباتی حالت پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟ (H)

A. وہ خوش ہوتا ہے B. وہ ناراض ہو جاتا ہے

C. وہ خوفزدہ ہو جاتا ہے D. وہ لاپرواہ ہو جاتا ہے

5. افسانہ "مردہ گھر" میں وینکٹ رامن کی کہانی کا کیا مقصد تھا اور اس کے ذریعے افسانہ نگار کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟ (H)

A. اسپتال کے غیر معیاری علاج کی طرف اشارہ B. ہنر مند لوگوں کی زندگی کی اہمیت

C. دوستوں کی مدد کی اہمیت D. زندگی کی بے یقینی

## ان سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ One Mark Questions

1. منیا کی نیند کیوں غائب ہو گئی ؟ (R)
2. ہوش میں آنے کے بعد نارائن نے خود کو کہاں پایا؟ (R)
3. لوگ وینکٹ رامن کی ستائش کیا کہتے ہوئے کرتے ؟ (R)
4. لڑکے کی لاش کیا پکار رہی تھی؟ (R)
5. بھنگی، بیماری میں مبتلا کیوں ہوا تھا؟ (R)
6. مردہ گھر میں نارائن کی موت پر سوئی ہوئی لاشیں کیا کر رہی تھیں ؟ (R)

## ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. مردہ گھر کیسا تھا؟ (U)
2. وینکٹ رامن کون تھا اور اس نے اپنا تعارف کیسے کرایا؟ (U)
3. مردہ گھر میں کن لوگوں کی لاشیں شور مچاتے اٹھ بیٹھیں؟ (U)
4. عہدیداران اسپتال نے بوڑھے بھنگی کو اسپتال میں کیوں بھرتی کر لیا؟ (U)
5. مردہ گھر میں نارائین کا معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر نے کیا کہا؟ (U)

## ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ Four Mark Questions

1. وارڈ بوائے منیا، گیارہویں بیڈ کے مریض کو دیکھ کر کیوں بے چین ہوا اور اس نے کیا کیا؟ (U)
2. وینکٹ رامن نے ہوٹل کے بیرے کی موت کی تفصیل کس طرح بیان کی ؟ (U)
3. بھنگی کن حالات میں مردہ گھر پہنچا؟ مفصل لکھیے ؟ (U)
4. صبح مردہ گھر کے دروازے پر منیا اور ڈاکٹر کو دیکھ کر نارائن کی کیا حالت ہوئی اور انجام کیا ہوا؟ (U)
5. منیا کی گھڑی کو منحوس کہنے کی کیا وجہ تھی؟ کیا اس کا اثر منیا کی نیند پر بھی پڑا؟ (H)
6. وینکٹ رامن کا مردہ گھر میں آنا کیسے ہوا؟ اس کی کہانی کیا ہے ؟ (H)

7. نارائن کے مردہ گھر میں پہنچنے کے بعد کیا احساسات تھے، اور اس نے اس صورتحال کو کیسے سمجھا؟ (H)

8. منیا نے مریض کی مدد کرنے کی کوشش کیوں کی، اور اس کی کوششوں کا کیا نتیجہ نکلا؟ (H)

9. افسانہ مردہ گھر کی کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟وضاحت کریں۔ (H)

## ان جملوں کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. ''نہیں نہیں! مر جانے پر دیکھنے اور جانچنے سے کیا فائدہ۔ لے جاؤ مردہ گھر میں ڈال دو''۔ (R)

2. ''یہ اسپتال میں مرنے والوں کی لاوارث لاشیں ڈالنے کی جگہ ہے۔ مردہ گھر!!''۔ (R)

3. ''بخار کا بہانہ کر کے تُو گاؤں جانا چاہتا ہے کم بخت۔ چل کام کر''۔ (R)

# حمد

امجد حسین حافظ کرناٹکی

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نمونے کیا ہیں؟ (U)
2. گردش میں کون کون ہے؟ (U)
3. کارسازی کے شاہکار کون ہیں؟ (U)
4. فنا اور بقا کس کو حاصل ہے؟ (U)
5. مقطع میں شاعر نے کیا دعا مانگی ہے؟ (U)
6. نظم میں شاعر نے "ستوں کے بغیر آسمان" کے حوالے سے کیا پیغام دیا ہے؟ (A)
7. شاعر نے کائنات کی گردش کے ذکر سے اللہ کی کس صفت کی طرف اشارہ کیا ہے؟ (A)
8. حمد کے آخری شعر میں شاعر اللہ کو اپنا "نعم الوکیل" کیوں کہتا ہے؟ (A)

# نعت

سلیمان خمار

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ — Two Mark Questions

1. حضور اکرمؐ روزِ محشر، امت کی کیا کریں گے؟ (U)
2. اُمّی ہونے کے باوجود حضور اکرمؐ میں کونسی صفت کی حد نہیں ہے؟ (U)
3. حضور اکرم کی فصاحت کو شاعر نے کس مثال سے واضح کیا ہے؟ (U)
4. رب سے حضور اکرمؐ کی قربت کا آئینہ کیا ہے؟ (U)
5. حضور اکرمؐ کی رحمت کی کوئی حد کیوں نہیں ہے؟ (U)
6. شاعر نے حضور اکرمؐ کی عظمت اور شان کو کس طرح بیان کیا ہے؟ (A)
7. نظم کے مطابق حضورؐ کی علم و حکمت کی کیا خصوصیت ہے؟ (A)
8. شاعر نے معراج کی شب کا ذکر کس حوالے سے کیا ہے؟ (A)

# دنیادارالمکافات ہے

نظیر اکبر آبادی

Two Mark Questions

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. یہ دنیا کیسی بستی ہے؟ (U)
2. دوسروں کے ساتھ سلوک کا بدلہ کس طرح ملتا ہے؟ (U)
3. کسی پر ناحق جھوٹا الزام لگانے کا انجام کیا ہوتا ہے؟ (U)
4. غیب سے جھٹکا کون کھاتا ہے؟ (U)
5. اس نظم کے ٹیپ کے شعر کی وضاحت کیجیے۔ (U)
6. نظم میں شاعر نے دنیا کو دارالمکافات کیسے قرار دیا ہے؟ (A)
7. نظم کے مطابق کسی کو نقصان پہنچانے والے کو کیا ملتا ہے؟ (A)
8. "اس ہاتھ کرو، اس ہاتھ ملے" سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ (A)

Four Mark Questions

اس نظم کا خلاصہ لکھیں۔ (U)

# دولت اور وقت

الطاف حسین حالی

ان سوالوں کے جواب لکھیے۔

1. ایک دن وقت نے دولت سے کیا کہا؟ (U)
2. دولت نے اپنی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے ؟ (U)
3. حکما اور عرفا وقت کو کیا سمجھتے ہیں ؟ (U)
4. وقت کی ناقدری کا انجام کیا ہوتا ہے ؟ (U)
5. دولت اگر کھیتی اور موتی ہے تو وقت کیا ہے ؟ (U)
6. نظم میں دولت نے اپنے آپ کو انسان کی خوشی کی جڑ کیوں قرار دیا؟ (A)
7. وقت نے دولت کو کیوں کہا کہ وہ اس کی جڑ ہے ؟ (A)
8. نظم میں وقت کے ضائع ہونے کی کیا اہمیت بیان کی گئی ہے ؟ (A)

# ایک نوجوان کے نام

علامہ اقبال

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. نوجوانوں کی کونسی بات شاعر کو رلاتی ہے؟ (U)
2. اقبال نے اپنے مخاطب نوجوان میں کس چیز کی کمی محسوس کی؟ (U)
3. نوجوانوں کو کب اپنی منزل آسمانوں میں نظر آتی ہے؟ (U)
4. نومیدی کس کا سبب بنتی ہے؟ (U)
5. شاعر کے مطابق شاہین سے مراد کون ہے؟ اور اس کی فطرت کیا ہے؟ (U)
6. اقبال نے نوجوانوں کی تن آسانی پر افسوس کیوں کیا ہے؟ (A)
7. اقبال نے نوجوانوں کو شاہین سے کیوں تشبیہ دی ہے؟ (A)
8. نظم میں "زورِ حیدریؓ" اور "استغنائے سلمانیؓ" سے کیا مراد ہے؟ (A)

اس نظم کا خلاصہ لکھیں۔ (U) Four Mark Questions

# زندگی

علی سردار جعفری

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. حاصل وہم وگماں کسے کہا گیا ہے؟ (U)
2. نظم کے تیسرے بند میں شاعر نے زندگی کے حقائق کو بیان کرنے کے لیے کن کن مرکبات کا سہارا لیا ہے۔ (U)
3. زندگی کس کی مالک اور کس کی فاتح ہے؟ (U)
4. زندگی کس کے نور کا خون نچوڑتی ہے؟ (U)
5. اس نظم کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟ (U)
6. نظم کے مطابق زندگی کی "شوخی" اور "جوانی" کو آپ اپنی زندگی میں کیسے دیکھتے ہیں؟ (A)
7. علی سردار جعفری نے زندگی کو "رقص کناں" کہا ہے، آپ کی روزمرہ کی زندگی میں اس کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟ (A)
8. نظم میں "سنگ کے دل کو توڑتی" سے مراد کیا ہے اور یہ زندگی کی کس صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے؟ (A)

# کرناٹک

ضمیر عاقل شاہی

Two Mark Questions

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. ان سوالوں کے جواب لکھیے۔ (U)
2. ہندوستان کے جنوب میں واقع اس خطہ کرناٹک کو شاعر کیا کہہ رہا ہے؟ (U)
3. شاعر نے کرناٹک میں مذہبی رواداری کا بیان کس طرح کیا ہے؟ (U)
4. شاعر نے کس عجوبے کی بات کی ہے؟ (U)
5. اس نظم میں سنت بسویشور اور حضرت گیسو درازؒ کا ذکر کس طرح کیا گیا ہے؟ (U)
6. شاعر نے سرزمین کرناٹک کے کن ادیبوں اور شاعروں کو یاد کیا ہے؟ (U)
7. نظم کے مطابق شاعر نے کرناٹک کو "گوشۂ جنت" کیوں کہا ہے؟ آپ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ (A)
8. "گول گنبد" کو دیکھ کر آپ کیا سیکھتے ہیں کہ فن کی قدر کیسے کی جائے؟ (A)
9. ٹیپو سلطان اور کشن رایا کا ذکر نظم میں کس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے؟ (A)

Four Mark Questions (U)

اس نظم کا خلاصہ لکھیں۔

# خواہش

اختر الایمان

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. شاعر کے مطابق ہوا کتنی ساکن ہے؟ (U)
2. اس عہدِ سیاست میں انسان کیا ہو گئے ہیں؟ (U)
3. شاعر کے مطابق آج محرم کیا بن گئے ہیں؟ (U)
4. شاعر منبر پر کھڑے لوگوں سے کیا کہہ رہا ہے؟ (U)
5. شاعر کے نقطہ نظر سے کونسی تہمتیں ہیں جنھیں ہٹ جانا چاہیے؟ (U)
6. نظم میں شاعر نے "انسان کھلونے ہیں" کہہ کر کیا مراد لی ہے؟ (A)
7. شاعر نے موجودہ دور کو "اک آگ کا گولہ" کہا ہے، آپ اس تشبیہ کی وضاحت کریں۔ (A)
8. "کچھ ایسی بنا ڈالو، رہنے کی جگہ ہو جائے" میں شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟ (A)

# اکائی

## شاذ تمکنت

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ Two Mark Questions

1. جب سورج چرخ پر اگتا ہے تو کیا کرتا ہے؟ (U)
2. پھول کہاں کہاں مہکتے ہیں؟ (U)
3. شاعر کے مطابق سکھ دکھ کی باتوں کا اثر کیا ہوتا ہے؟ (U)
4. کوئی پرندہ جب دم توڑتا ہے تو سارے پرندے کیا کرتے ہیں؟ (U)
5. اس نظم کے آخری بند میں شاعر نے کس بات کی تعلیم دی ہے؟ (U)
6. شاعر نے "دُنیا ہے اکائی پر قائم" کہہ کر کیا پیغام دیا ہے؟ (A)
7. نظم میں شاعر نے "تم گنگا جل میں نہاتے ہو، میں ڈوبا آبِ کوثر میں" سے کیا مراد لی ہے؟ (A)
8. "جب کوئی کانٹا چبھتا ہے، ہر اک کو چبھن دے جاتا ہے" کی تشریح کریں اور اس کا معاشرتی مفہوم بتائیں۔ (A)

# پیارا وطن ہمارا

سلیمان خطیب

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ — Two Mark Questions

1. شاعر نے اپنے پیارے وطن کو کس سے تشبیہ دی ہے؟ (U)
2. وطن کی محبت کا پیغام کس کس نے دیا؟ (U)
3. پیارا وطن کس کی جستجو ہے؟ (U)
4. شاعر نے ٹیپو سلطان کا ذکر کس طرح کیا ہے؟ (U)
5. وطن کے لیے شاعر نے کیا دعا مانگی ہے؟ (U)
6. شاعر نے "ٹیپو کے دیش والے" کہہ کر وطن کے لوگوں کی کس خصوصیت کو بیان کیا ہے؟ (A)
7. نظم میں "گوتم کی گفتگو" اور "گیتا کا پاٹ" کن اقدار کی طرف اشارہ کرتے ہیں؟ (A)
8. "اللہ رکھے سلامت رنگِ بہار اپنا" سے شاعر کیا دعا مانگ رہا ہے؟ (A)

# ایک دوست کے لیے

خلیل مامون

Two Mark Questions

ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔

1. آج کا انسان کتاب پڑھنے کے بجائے کیا کرتا ہے؟ (U)
2. ٹی وی دیکھنے کا اثر انسان پر کیا ہوتا ہے؟ (U)
3. کتاب کے الفاظ انسان کو کہاں سے کہاں تلک لے جاتے ہیں؟ (U)
4. کتاب پڑھنے کے بجائے شاعر صبح سے شام تک کیا کرنے کے لیے کہہ رہا ہے؟ (U)
5. شاعر کے متعلق جوتوں کی طرح قسمت چمکا کر انسان کو کیا کرنا چاہیے؟ (U)
6. نظم میں شاعر نے کتاب پڑھنے کے عمل کی اہمیت کو کیوں کمزور قرار دیا ہے؟ (A)
7. شاعر کے خیال میں "کھاتے پیتے رہنا" اور "بے شعور مرتے جیتے رہنا" کا کیا مطلب ہے؟ (A)
8. شاعر نے "اپنی قسمت چمکانا" سے کیا مراد لی ہے؟ (A)

# غزل

میر تقی میر

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. سینکڑوں حرف ہیں گرہِ دل میں (U)
پر کہاں پایئے لبِ اظہار

2. چار دن کا ہے مجہلا یہ سب (U)
سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار

# غزل

مرزا غالب

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. جو کبھی یاد بھی آتا ہے تو کہتے ہیں (U)
کہ آج بزم میں وہ فتنہ و فساد نہیں

2. جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام (U)
دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کے شاد نہیں

# غزل

## مومن خان مومن

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. جو پھر جائے اس بے وفا سے تو جانوں (U)
کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

2. دمِ الحذر اور عشق بتاں سے (U)
تجھے ڈر ہے مومن ایسا کسی کا

# غزل

## شاد عظیم آبادی

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. ہوں اس کوچے کے ہر ذرے سے آگاہ (U)
ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

2. ستایا آکے پہروں آرزو نے (U)
جو دم بھر آپ میں آیا گیا ہوں

# غزل

## حسرت موہانی

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. کچھ ایسی دور بھی تو نہیں منزلِ مراد (U)
لیکن یہ جب کہ چھوٹ چلیں کارواں سے ہم

2. معلوم سب ہے پوچھتے ہو پھر بھی مدعا (U)
اب تم سے دل کی بات کہیں کس زباں سے ہم

# غزل

## فیض احمد فیض

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions

1. اسبابِ غمِ عشق بہم کرتے رہیں گے (U)
ویرانیٔ دوراں پہ کرم کرتے رہیں گے

2. اک طرزِ تغافل ہے سو وہ ان کو مبارک (U)
اک عرضِ تمنا ہے سو ہم کرتے رہیں گے

# غزل

ناصر کاظمی

Two Mark Questions

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

1. یاد کے بے نشان جزیروں سے
تیری آواز آرہی ہے ابھی (U)

2. تم تو یارو ابھی سے اٹھ بیٹھے
شہر میں رات جاگتی ہے ابھی (U)

# غزل

مجروح سلطان پوری

Two Mark Questions

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

1. میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا (U)

2. جس طرف بھی چل پڑے ہم آبلہ پایانِ شوق
خار سے گل اور گل سے گلستاں بنتا گیا (U)

# غزل

محمود ایاز

Two Mark Questions

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

1. وہ نہ چاہے تو میں پینا نہ رہوں (U)
وہ جو چاہے تو نظر بھی آئے

2. اس نے توفیقِ دعا بخشی ہے (U)
اب دعاؤں میں اثر بھی آئے

# غزل

حمید الماس

Two Mark Questions

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

1. دھند چھٹتی جائے گی منظر بدلتے جائیں گے (U)
موسموں کے ساتھ ہم بھی گھر بدلتے جائیں گے

2. سر فرازی کی تمنا قلب میں رہ جائے گی (U)
ہم کہیں کھو جائیں گے ہمسر بدلتے جائیں گے

# غزل

پروین شاکر

Two Mark Questions

ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

1. اگر خلوص کی دولت کے گوشوارے بنیں (U)
تو شہر میں کوئی صاحبِ نصاب نہ ہو

2. ہمارے قحط بھی اور بارشیں بھی پوری ہوئیں (U)
ہمارے نام کا اب تو کوئی عذاب نہ ہو

# رباعیات

ان قطعات کی تشریح کیجیے۔ Four Mark Questions

اکبر الہ آبادی

1. تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی (H)
چاہی تھی شئے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر
پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

2. پیری آئی، ہوئی جوانی رخصت (H)
ساتھ اس کے وہ لطفِ زندگانی رخصت
ہے اب تو اس کا انتظار اے اکبر
ہم کو بھی کرے جہانِ فانیِ رخصت

امجد حیدرآبادی

1. ہمراہِ کرم حسنِ عمل تلتا ہے (H)
احسان سے بابِ لطفِ حق کھلتا ہے
ہمدردیٔ غیر میں ہے اپنا بھی بھلا
کپڑا دھونے سے ہاتھ بھی دھلتا ہے

2. کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے (H)
کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

## عطاکلیانوی

1. ذرّے ذرّے سے اک جہاں پیدا کر (H)
خود اپنی جبیں میں آستاں پیدا کر
جینا ہے اگر خضر کا احسان نہ لے
ہر سانس سے عمر جاوداں پیدا کر

2. گلشن کی بہاروں پہ مٹے جاتے ہیں (H)
پُر کیف نظاروں پہ مٹے جاتے ہیں
ظلمت کو پرکھنے کی نظر کس کو ہے
سب چاند ستاروں پہ مٹے جاتے ہیں

قوسین میں دیے گئے مناسب مترادف کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ (U)

(آسمان اُمید غم آواز بلندی مفلسی تعریف موت ارادہ فخر
خفیہ ابتدا صلاح چاند خوشی تمنا بھروسا زمین عادت دھوکہ
نقصان مال محبت ضرورت مشہور محفل چکر پیاس کم گمان)

1. اقبال = ________
2. الم = ________
3. چرخ = ________
4. صدا = ________
5. توقع = ________
6. مرگ = ________
7. عزم = ________
8. مدح = ________
9. افلاس = ________
10. غرور = ________
11. ماہتاب = ________
12. پوشیدہ = ________
13. مسرت = ________
14. آغاز = ________
15. مشورہ = ________
16. ارض = ________
17. خواہش = ________
18. فریب = ________
19. اعتماد = ________
20. خصلت = ________

.21 سرمایہ = ____________________

.22 حاجت = ____________________

.23 خسارہ = ____________________

.24 مقبول = ____________________

.25 الفت = ____________________

.26 گردش = ____________________

.27 قلیل = ____________________

.28 خدشہ = ____________________

.29 مجلس = ____________________

.30 تشنگی = ____________________

"الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنایئے۔ (U)

| الف | | ب | |
|---|---|---|---|
| 1. | نہاں | i. | منفی |
| 2. | مثبت | ii. | گدا |
| 3. | عرش | iii. | انجام |
| 4. | آغاز | iv. | عیاں |
| 5. | شاہ | v. | فرش |
| 6. | آباد | vi. | راحت |
| 7. | مہمان | vii. | اکثریت |
| 8. | رنج | viii. | برباد |
| 9. | نور | ix. | میزبان |
| 10. | اقلیت | x. | ظلمت |
| 11. | اقرار | xi. | دوزخ |
| 12. | مہمان | xii. | تاریکی |
| 13. | جنت | xiii. | انکار |
| 14. | دوست | xiv. | میزبان |
| 15. | روشنی | xv. | دشمن |
| 16. | عالم | xvi. | ابد |
| 17. | قدیم | xvii. | سست |
| 18. | ازل | xviii. | تنزل |
| 19. | چست | xix. | جدید |
| 20. | ترقی | xx. | جاہل |

(H) ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i. | نامہذب | ii. | حسنِ سلوک | iii. | سرائے فانی |
| iv. | ردِ عمل | v. | خود کفیل | vi. | منزلِ مقصود |
| vii. | پابندیٔ وقت | viii. | آئینِ قدرت | ix. | بحث ومباحثہ |
| x. | وضع دار | xi. | آوارہ گردی | xii. | نشیب وفراز |
| xiii. | سرفرازی | xiv. | خدمتِ خلق | xv. | شان وشوکت |
| xvi. | بے باک | xvii. | رونقِ بزم | xviii. | روزِ جزا |
| xix. | اصلاحِ معاشرہ | xx. | نام ونمود | xxi. | منہ زور |
| xxii. | کسرِ نفسی | xxiii. | نام نہاد | xxiv. | خود ساختہ |
| xxv. | صاحبِ ثروت | xxvi. | تیز وطرار | xxvii. | لیل ونہار |
| xxviii. | کارسازی | xxix. | دست بہ دست | xxx. | خیر وشر |
| xxxi. | نقشِ دوام | xxxii. | مہر وماہ | xxxiii. | چشمِ عالم |
| xxxiv. | رنگ وبو | xxxv. | فتنہ وفساد | xxxvi. | جانبِ منزل |
| xxxvii. | جذبۂ وطن | xxxviii. | دیدۂ بینا | xxxix. | روزِ جزا |

31. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ (R)

| | | | |
|---|---|---|---|
| غصہ | مالکن | بارش | بخار |
| چاندنی | سورج | عادت | میدان |
| شجر | دوستی | زندگی | ارمان |
| ادیب | کتاب | خادم | فصل |
| ہمت | بادل | محبت | زیور |
| غلام | پتنگ | آسمان | حیا |
| چائے | شاعر | وقعت | گھر |
| صحت | قلم | قوم | پلنگ |
| تعلیم | راستہ | آواز | شہر |
| عذاب | تہذیب | دھواں | ندی |

32. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ (R)

| | | | |
|---|---|---|---|
| [پُر] | [بے] | [گاہ] | [ستان] |
| [غیر] | [خوش] | [دان] | [ناک] |
| [ہم] | [نا] | [دار] | [مند] |
| [نیم] | [بد] | [فروش] | [خانہ] |
| [نیک] | [لا] | [پرست] | [انگیز] |
| [در] | [اہل] | [زار] | [کدہ] |
| [بزم] | [دل] | [گیر] | [نگار] |

33. ان کے مفعول لکھیے۔ (R)

| | |
|---|---|
| علم | غضب |
| قصد | رحم |
| طالب | جرح |
| شکر | حاسد |
| ذاکر | قدر |
| حافظ | قتل |
| ترک | فاتح |
| ظالم | جذب |
| نقل | عاقل |
| عامل | کسر |
| حمد | ناصر |
| جابر | عبد |

ان کی تعریف بیان کیجیے۔ (R)

1. حمد
2. نعت
3. غزل
4. نظم
5. رباعی
6. قصیدہ
7. مثنوی
8. مرثیہ

34. ان جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ (U)

i. Work is worship.
ii. I am proud to be an Indian.
iii. Silver is cheaper than Gold.
iv. Urdu is our mother tongue.
v. Sun rises in the east.
vi. Hope is the key of Success.
vii. Life is filled with joys and sorrows.
viii. An apple a day keeps the Doctor away
ix. Taj Mahal is one among the eight wonders of the world.
x. Our National Anthem is written by Rabindranath Tagore.
xi. Man is a social animal.
xii. Don’t build castle in the air, be in reality
xiii. Children learn from what we do, but not with what we say.
xiv. God help those who helps themselves
xv. Internet has changed the World in to a Global village.
xvi. APJ abdul Kalam is called the father of Missail
xvii. Abul Kalam Azad is the first Education minister of Independent India.
xviii. An Indian Farmer borns in debt, lives in debt and dies in debt.
xix. Jog falls is considered as second highest water falls in the World.
xx. A coward dies many times but a valient dies once.